# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 5th May, 2025 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MS. SEHAR KAMRAN** to invite attention of the Minister for Finance and Revenue, to a matter of urgent public importance regarding imposition of 18% sales tax on cotton, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **MR. AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Establishment, to introduce a Bill further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002 [The National School of Public Policy (Amendment) Bill, 2025].

**5.** **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to introduce a Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025].

### PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

**6.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Accountability Ordinance, 1999 [The National Accountability (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

**7.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National Accountability Ordinance, 1999 [The National Accountability (Amendment) Bill, 2024].

**8.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**9.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

**10.** **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**11.** **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2025].

12. **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Anti-Dumping Duties Act, 2015 [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025.

13. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Extradition Act, 1972 [The Extradition (Amendment) Bill, 2025.

14. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

15. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024].

16. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to provide for establishment of Pakistan Land Port Authority [The Pakistan Land Port Authority Bill 2024], till today be condoned.

17. **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for establishment of Pakistan Land Port Authority [The Pakistan Land Port Authority Bill 2024].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

18. **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

19. **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], be passed.

20. **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

21. **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], be passed.

22. **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to move that the Bill to amend the Special Technology Zones Authority Act, 2021 [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**23. DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to move that the Bill to amend the Special Technology Zones Authority Act, 2021 [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:**

**24. MR. AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Human Rights, to lay before National Assembly the annual reports of the National Commission for Human Rights for the years 2023 and 2024, under sub-section (2) of section 28 of the National Commission for Human Rights Act, 2012.

**25. MR. MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to lay before National Assembly the Mid-year Budget Review Report for the year, 2024-25 under sub-section (1) of section 34 of the Public Finance Management Act, 2019.

**26. MR. MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to lay before National Assembly the Half year Report of the Board of Directors of State Bank of Pakistan on the State of Pakistan's Economy for the year 2024-25, under sub-section (2) of section 39 of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE**

**27. NAWABZADA IFTIKHAR AHMED KHAN BABAR,** Chairman Standing Committee on Aviation, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**28. MS. MUNAZA HASSAN,** Chairperson Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**29. RAI HASSAN NAWAZ KHAN,** Chairman Standing Committee on Railways, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**30. DR. MAHESH KUMAR MALANI,** Chairman Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**31. SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman Standing Committee on Industries and Production, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**32. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**33.** **MR. MUHAMMAD IDREES,** Chairman Standing Committee on Energy (Power Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**34.** **MR. JAVAID IQBAL,** Chairman Standing Committee on Defence Production, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**35.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

**36.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**37.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**38.** **MR. MUHAMMAD MIQDAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister for Water Resources, to a matter of urgent public importance regarding non-construction of embankments on the river Jhelum at Tehsil Sahiwal, District Sargodha, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**4th May, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۵ مئی، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ سحر کامران** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو کپاس پر ۱۸ فیصد سیلز ٹیکس عائد کئے جانے سے متعلق ہے۔

### بلوں پیش کرنا

۴۔ **جناب احد خان چیمہ،** وزیر برائے عملہ، نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی آرڈیننس ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب قیصر احمد شیخ،** وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرتے ہوئے کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں اصلاحات لانے اور پاکستان ریگولیٹری رجسٹری اور پاکستان بزنس پورٹل کے قیام کیلئے احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۶۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ قومی احتساب آرڈیننس ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی احتساب (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۷۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف قومی احتساب آرڈیننس ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی احتساب (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۸۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۹۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **جناب فتح اللہ خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان نیوی آرڈیننس ۱۹۶۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان نیوی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۱۔ **جناب فتح اللہ خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع پاکستان نیوی آرڈیننس ۱۹۶۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان نیوی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت مانع اغراق محصولات ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مانع اغراق محصولات (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۳۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحویل ملزمان ایکٹ، ۱۹۷۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [تحویل ملزمان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۴۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۶۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۷۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۱۸۔ **سید محسن رضا نقوی،** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۱۹۔ **سید محسن رضا نقوی،** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۲۰۔ **جناب خالد مقبول صدیقی،** وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۱۔ **جناب خالد مقبول صدیقی،** وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۲۲۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۳۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۲۴۔ **جناب اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے انسانی حقوق، قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء کی دفعہ ۲۸ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کی سالانہ رپورٹیں برائے سال ۲۰۲۳ء اور سال ۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۲۵۔ **جناب محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ ومحاصل سرکاری مالی انتظام ایکٹ، ۲۰۱۹ء کی دفعہ ۳۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ششماہی بجٹ جائزہ رپورٹ برائے سال ۲۵-۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۲۶۔ **جناب محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ ومحاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت پاکستان کی معیشت کی صورتحال برائے سال ۲۵-۲۰۲۴ء پر بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ششماہی رپورٹ قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۲۷۔ **نوابزادہ افتخار احمد خان بابر،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ہوابازی قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۸۔ **محترمہ منزہ حسن،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۲۹۔ **رائے حسن نواز خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ریلوے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۰۔ **ڈاکٹر مہیش کمار ملانی،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۱۔ **سید حفیظ الدین،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۲۔ **جناب عظیم الدین زاہد،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۳۔ **جناب محمد ادریس،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۴۔ **جناب جاوید اقبال،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۳۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۳۶۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۳۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۸۔ **جناب محمد مقداد علی خان** وزیر برائے آبی وسائل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو تحصیل ساہیوال، ضلع سرگودھا میں دریائے جہلم پر پشتوں کی عدم تعمیر سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۴/مئی، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**